© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**مسلمان خواتین کی دینی اور علمی خدمات** | تالیف: پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارۂ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان - ۸ سی اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور - کاغذ طباعت خوب، رنگین دبیز سرورق - صفحات: ۱۶۰، قیمت: -/۱۵ روپے

پروفیسر سید محمد سلیم صاحب کو اللہ تعالیٰ نے سچے دینی شعور کے ساتھ جو ذوقِ تاریخ اور حافظہ و تخلیق کی جو قوتیں عطا کی ہیں اُن کے ثمرات سامنے آتے ہی رہتے ہیں - ان کی تازہ تالیف بہ عنوانِ بالا سامنے ہے - اس کتاب کو پڑھ کر آپ کو اپنی تاریخ پہلے سے بڑھ کر قابلِ فخر محسوس ہوگی - تحریکِ اسلامی نے عورتوں کو نہ صرف شرفِ انسانیت عطا کیا بلکہ علم کے دروازے ان پر کھول دیئے - اس صنف میں سے کئی حافظات و قاریات، محدثات و فقیہات، واعظات و عابدات اور شاعرات و ادیبات نمودار ہوئیں - بہت سی مؤرخ اور خوشنویس، معالج اور مدرس خواتین پیدا ہوئیں -

یہ ایک عجیب تجربہ ہے کہ مغرب کی یورش سے پہلے کی مسلم عورت خواہ کتنی ہی تعلیم یافتہ ہو اور خواہ کسی بھی علم و فن کی خدمت کرے، اس میں آوارگی اور بے پردگی کے رجحانات اُبھرتے نہیں دیکھے گئے - خواتین نے بڑے بڑے وسیع حلقوں میں درس دیئے، مگر کیا مجال کہ پردہ کی کوئی حد ٹوٹے - آج یہ منظر عبرت ناک ہے کہ چار حرف پڑھتے ہی لڑکیاں گھر سے باہر کی طرف لپکتی ہیں - اور پردے سے بے پردگی کی طرف - اس دور کے نظریات اور تعلیمی سسٹم میں ایسی خرابیاں ہیں کہ ان پر تین حرف بھیجنے چاہئیں -

© rasailojaraid.com